تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

April 26 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ایچ۔ ایچ۔ ڈاکٹر سیدنا مفضل سیف الدین کی ذاتی قانونی کامیابی کی توصیف میں قرارد منظور کی

پوری جامعہ برادری کی جانب سے ڈینز کی میٹنگ میں اتفاق رائے سے ایچ۔ ایچ۔ ڈاکٹر سیدنا مفضل سیف الدین کی ذاتی قانونی لڑائی میں فتح اور کامرانی کی تہنیت اور توصیف میں قرارداد منظور کی گئی ہے۔ قابل ذکر ہے کہ ترپنویں داعی مطلق کے بطور سیدنا مفضل کی تقرری اور داؤدی بوہرا برادری کے رہنما کے طور پر چل رہے مقدمے میں انھیں کامیابی ملی ہے۔ ایچ۔ ایچ۔ ڈاکٹر سیدنا مفضل سیف الدین جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی کے امیر جامعہ ہیں۔

قرارداد میں امیر جامعہ سیف الدین کی جانب سے ممبئی ہائی کورٹ میں قانونی کاروائی کے معاملے میں ثابت قدمی و استقلال مثالی مدافعت کو بیان کیا گیا ہے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ امیر جامعہ سیف الدین نے جامعہ کے اصول واقدار کے تئیں غیر متزلزل عہد اور ثابت قدمی کا ثبوت فراہم کیا ہے۔

قرارداد میں یہ بھی کہا گیا کہ عزت مآب امیر جامعہ اپنی بے باک قیادت اور ایمان داری سے طلبا، فیکلٹی اراکین اور یونیورسٹی کے اسٹاف کے لیے سرچشمہ تحریک بنے رہیں گے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی